Online Ad-hoc Privacy Notice

Last revised: 24 May 2018

جدولِ مشمولات

1 ہمارے اور ہمارے سرویز کے متعلق 2

2 ذاتی ڈیٹا کیا ہے؟ 2

3 ذاتی ڈیٹا کا استعمال 2

3.1 ذاتی ڈیٹا کے زمرے، جن پر سرویز کے دوران عمل درآمد کیا جاتا ہے۔ 2

3.2 فیلڈ ورک کے شراکت دار 3

3.3 رابطہ معلومات اور سروے ڈیٹا کو کنٹرول کرنا اور عمل درآمد کرنا 3

3.3.1 فیلڈ ورک کے شراکت داروں کے ذریعے جواب دہندگان کی بھرتی 3

3.3.2 ایسے جواب دہندگان کے سرویز، جن کی رابطہ معلومات GfK کو کلائینٹس سے موصول ہوتی ہیں 3

3.4 میٹا ڈیٹا 4

3.5 ہم آپ کا ذاتی ڈیٹا کیسے استعمال کرتے ہیں 4

4 ہم آپ کا ذاتی ڈیٹا کیسے شیئر کرتے ہیں 4

4.1 GfK گروہ کے اندر 4

4.2 فارماکو وِجلینس شرائط 4

4.3 بیرونی سروس پرووائیڈرز 4

4.4 کاروباری منتقلیاں 5

4.5 عوامی ادارے 5

5 ذاتی ڈیٹا کی بین الاقوامی سطح پر منتقلی 5

5.1 GfK گروپ کے قانونی ادارے 5

5.2 یورپین یونین (EU) اور یورپین اکنامک ایریا (EEA) سے باہر کے فریقین ثالث 5

6 سیکورٹی 5

7 آپ کے قانونی حقوق 6

8 آپ کے ذاتی ڈیٹا کو رکھنا 8

9 اس پرائیویسی نوٹس میں تبدیلیاں 8

10 رابطہ معلومات 9

1 ہمارے اور ہمارے سرویز کے متعلق

آپ ("آپ"، "آپ کا"، "جوابدہندہ") ایک آن لائن سروے ("سروے"، "سرویز") میں حصہ لینے والے ہیں جو GfK SE ("ہم" / "ہمیں" / "ہمارے"، "GfK"، ملاحظہ کریں حصہ "رابطہ معلومات") کی جانب سے منعقد کیا جا رہا ہے۔ ہمارا تعلق یورپین یونین سے ہے۔ ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا پر ڈیٹا کے تحفظ کے قابل اطلاق یورپی قوانین اور دیگر قانونی شرائط کے مطابق عمل درآمد کرتے ہیں۔ GfK ایک بین الاقوامی تنظیم ("GfK گروپ") کا حصہ ہے، جو یورپین یونین کے اندر اور باہر کئی کمپنیوں پر مشتمل ہے، جو زیادہ تر جرمنی میں GfK SE کی ملکیت ہیں۔

2 ذاتی ڈیٹا کیا ہے؟

ذاتی ڈیٹا وہ معلومات ہوتی ہیں، جو بلا واسطہ یا بالواسطہ طریقے سے آپ کی بطور فرد شناخت کرتی ہیں، جس میں بالواسطہ معلومات سے مراد وہ معلومات ہے جو دوسری معلومات کے ساتھ ملی ہوئی ہوں، مثلًا آپ کا نام، ای میل پتہ اور فون نمبر یا کوئی منفرد آن لائن یا ڈیجیٹل ڈیوائس شناخت کنندہ۔

3 ذاتی ڈیٹا کا استعمال

ہم آپ کی ذاتی معلومات پر ذیل میں بیان کردہ مقاصد کے لیے عمل درآمد کرتے ہیں۔ ہم GfK یا کسی کلائینٹ کی جانب سے متعلقہ مقاصد کو پورا کرنے کے لیے ضروری معلومات کے علاوہ یا اس سے زیادہ ذاتی ڈیٹا جمع یا عمل درآمد نہیں کرتے۔ ہم ذاتی ڈیٹا کو صرف اسی طریقے سے استعمال کریں گے، جیسا کہ اس پرائیویسی نوٹس میں بیان کیا گیا ہے اور کلائینٹ کی جانب سے جواب دہندگان کا ذاتی ڈیٹا موصول ہونے کی صورت میں کلائینٹ کی ہدایات کے مطابق استعمال کریں گے۔

3.1 ذاتی ڈیٹا کے زمرے، جن پر سرویز کے دوران عمل درآمد کیا جاتا ہے۔

پرائیویسی نوٹس کے اس حصہ 3 میں مختلف صورتوں کی بنیاد پر، GfK ذاتی معلومات کے ان زمروں کو قابو کرنے والے یا عمل درآمد کرنے والے کے طور پر عمل کر سکتی ہے:

1. **"سروے ڈیٹا"**، کا مطلب جواب دہندگان کے سرویز میں جوابات ہیں، جن میں غیر ارادی طور پر بھی ذاتی ڈیٹا شامل ہوتا ہے،

2. آپ کے **"سوڈونِم"** کا مطلب ایک شناختی نمبر ہوتا ہے، جو آپ کو خدمات کے کسی بیرونی فراہم کنندہ یا کسی GfK گروپ کمپنی **(بمعہ "فیلڈ ورک کے شراکت دار") کی جانب سے تفویض کیا جاتا ہے، جو ہماری جانب سے جواب دہندگان کو بھرتی کرتے ہیں اور جنہوں نے آپ کو حصہ لینے کی دعوت دی ہوتی ہے۔ آپ کا فرضی نام ذاتی ڈیٹا ہوتا ہے، کیونکہ فیلڈ ورک کا شراکت دار آپ کی بطور فرد شناخت کرنے کے لیے اسے استعمال کر سکتا ہے۔**

3. **"میٹا ڈیٹا"**۔ میٹا ڈیٹا سے مراد وہ ذاتی ڈیٹا ہے، جو سروے کے دوران پس منظر میں اکٹھا کیا جاتا ہے، مثلًا براؤزر کُکیز یا انٹرنیٹ لاگ فائلز۔

4. **"رابطہ معلومات"**، میں مطالعے کے لیے کلائینٹ کی جانب سے "رابطہ کی فہرست" کی صورت میں موصول ہونے والے جواب دہندگان کے نام، ڈاک کا پتہ، فون نمبر اور ای میل پتہ، شامل ہو سکتا ہے۔

3.2 فیلڈ ورک کے شراکت دار

ہم سروے کے لیے اہل جواب دہندگان کو تلاش کرنے اور انہیں دعوت دینے کے لیے فیلڈ ورک کے شراکت دار استعمال کرتے ہیں اور ہم سروے کے لیے جواب دہندگان کے جوابات ایک فرضی نام کے تحت جمع کرتے ہیں۔

اس صورت میں کہ اگر فیلڈ ورک کا شراکت دار کوئی بیرونی ایجنسی ہو، تو GfK کسی بھی جواب دہندہ کے ساتھ فرضی نام یا سروے کا کوئی ڈیٹا یا میٹا ڈیٹا منصوب کرنے کے قابل نہیں ہو گی۔

اس صورت میں کہ فیلڈ ورک کا شراکت دار کوئی GfK گروپ کمپنی ہو، تو ہم بھی آپ کے سروے ڈیٹا یا میٹا ڈیٹا کو آپ کے ساتھ، بطور فرد نہیں جوڑیں گے۔

برائے مہربانی حصہ 4.3 ("بیرونی سروس پرووائیڈرز") بھی ملاحظہ فرمائیں۔

3.3 رابطہ معلومات اور سروے ڈیٹا کو کنٹرول کرنا اور عمل درآمد کرنا

3.3.1 فیلڈ ورک کے شراکت داروں کے ذریعے جواب دہندگان کی بھرتی

اس صورت میں کہ ہمیں سروے کا کام دینے والے کلائینٹ کی جانب سے کوئی رابطے کی فہرست یا دیگر ذاتی ڈیٹا موصول نہ ہو، GfK سروے کے ڈیٹا اور میٹا ڈیٹا کے لیے ڈیٹا کو کنٹرول کرنے والا ہوتا ہے۔

GfK آپ کے ڈیٹا پر آپ کی رضامندی، جو آپ کو سروے کی دعوت دینے والی فیلڈ ورک ایجنسی کو یا سروے میں حصہ لینے پر اتفاق کر کے ہمیں براہ راست دی گئی رضامندی کے ساتھ ایک فرضی نام کے تحت عمل درآمد کیا جاتا ہے۔

3.3.2 ایسے جواب دہندگان کے سرویز، جن کی رابطہ معلومات GfK کو کلائینٹس سے موصول ہوتی ہیں

بعض سرویز میں سروے دینے والا کلائینٹ بھی ہمیں رابطہ معلومات فراہم کرتا ہے جو ممکنہ جواب دہندگان کی "رابطہ فہرست" کی صورت میں ہوتی ہیں۔ اس طرح کی صورتوں میں GfK ڈیٹا پر عمل درآمد کرنے کے ایک معاہدے کے تحت کلائینٹ کی جانب سے ڈیٹا کے تحفظ کے قابل اطلاق قوانین کے تحت سروے کا انعقاد کرتا ہے اور رابطہ معلومات اور سروے کے ڈیٹا کے لیے ڈیٹا کنٹرولر کا کام کلائینٹ خود کرتا ہے۔

اس طرح کی رابطہ فہرستوں کو ہم کلائینٹ کی منظوری کے ساتھ اپنے فیلڈ ورک شراکت داروں کو منتقل کرتے ہیں، جو رابطہ معلومات کو دو طریقوں سے استعمال کر سکتے ہیں:

(1) رابطہ فہرستوں میں موجود معلومات کو اپنے ڈیٹابیس کے ساتھ موازنہ کرنے کے لیے اور ان لوگوں کو مدعو کرنے کے لیے جو ان کے اپنے ڈیٹابیس میں بھی موجود ہوں،

(2) اگر فیلڈ ورک شراکت دار کے پاس اپنا ڈیٹابیس موجود نہ ہو یا اگر موجودہ ڈیٹابیس اور رابطہ فہرست کی دوہری معلومات کی تعداد اتنی زیادہ نہ ہو کہ مطلوبہ تعداد میں سروے مکمل کیے جا سکیں، تو رابطہ فہرست میں موجود لوگوں کو سروے میں حصہ لینے کے لیے براہ راست مدعو کیا جاتا ہے۔

ہم آپ کے فرضی نام کے تحت آپ کے سروے کے جوابات اکٹھے کرتے ہیں۔

اگر ہم ایسے کلائینٹس کے لیے سروے منعقد کر رہے ہوں جو ہمیں رابطہ فہرستیں مہیا کرتے ہیں، تو ہم جواب دہندگان کو کلائینٹ کی شناخت بتا دیتے ہیں۔ حفظِ ماتقدم کے طور پر، نتائج کو ہر قسم کے تعصب سے بچانے کے لیے ہم پیشگی ایسا نہیں کرتے اور سروے ختم ہونے کے بعد بتاتے ہیں۔

3.4 میٹا ڈیٹا

ہم ایک کنٹرولر کی حیثیت سے "میٹا ڈیٹا" پر عمل درآمد کرتے ہیں تاکہ بطور ریسرچ کمپنی اور ویب سائیٹ آپریٹر اپنے قانونی حقوق محفوظ کر سکیں۔ میٹا ڈیٹا سے مراد وہ ذاتی ڈیٹا ہے، جو سروے کے دوران پس منظر میں اکٹھا کیا جاتا ہے، مثلاً براؤزر کُکیز یا انٹرنیٹ لاگ فائلز کے ذریعے۔ ڈیٹا پر عمل درآمد ہماری کُکی پالیسی کے تحت کیا جاتا ہے۔

3.5 ہم آپ کا ذاتی ڈیٹا کیسے استعمال کرتے ہیں

ہم اپنے یا کلائینٹ کے مارکیٹ کے تحقیقی مقاصد کو پورا کرنے کے لیے سروے ڈیٹا کا تجزیہ کرتے ہیں۔ ہم جو سروے ڈیٹا کلائینٹس کے ساتھ شیئر کرتے ہیں، اس کے ساتھ کبھی بھی رابطہ معلومات نہیں دیتے۔ عام طور پر، ہم سروے کے تمام جواب دہندگان کے ڈیٹا کا ایک مجموعی نتیجہ تیار کرتے ہیں۔ بعض اوقات ہم جواب دہندگان کے لحاظ سے بھی رپورٹ تیار کر سکتے ہیں مگر اس صورت میں ہم آپ کے نام کی بجائے آپ کا فرضی نام استعمال کرتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کلائینٹ آپ کے جوابات سے آپ کی شناخت نہیں کر سکتا۔

ہم **میٹا ڈیٹا** کو استعمال کنندہ کے تجربہ اور کارکردگی کو بہتر بنانے، استعمال کنندہ کے لیے آسانی پیدا کرنے، سرویز کے تحفظ اور معیار کو برقرار رکھنے کے لیے استعمال کرتے ہیں، بشمول فراڈ کو پکڑنے اور اس سے بچنے کے لیے اور اپنے آئی ٹی سسٹم کو خلل اور نقصان سے بچانے کے لیے۔

قانون اور تعمیل کی شرائط کے تحت بھی ہمیں ذاتی ڈیٹا رکھنا پڑ سکتا ہے مثلاً کسی جرم سے بچاؤ، اس کی شناخت یا تفتیش کے لیے، نقصان اور فراڈ سے بچنے کے لیے اور اپنی سروسز اور آئی ٹی سسٹمز کو غلط استعمال سے بچانے کے لیے۔ ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا کو اپنے آڈٹ کی اندرونی و بیرونی شرائط کو پورا کرنے، معلومات کے تحفظ کے مقاصد، اپنے حقوق کے تحفظ یا حصول، رازداری، سلامتی، پراپرٹی کے تحفظ یا دیگر لوگوں کی سلامتی کو یقینی بنانے کے لیے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

ہم **رابطہ معلومات** کو اپنے فیلڈ ورک شراکت داروں کو بھی منتقل کر سکتے ہیں تاکہ وہ جواب دہندگان کے ساتھ سروے کے حوالے سے ابلاغ کر سکیں مثلاً انہیں سروے میں حصہ لینے کی دعوت دینے اور سروے مکمل کرنے کی یاددہانی کے لیے استعمال کریں۔

4 ہم آپ کا ذاتی ڈیٹا کیسے شیئر کرتے ہیں

ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا کو ان مقاصد کے تحت اور فریقینِ ثالث کو بتائیں گے، جیسا کہ ذیل میں بیان کیا گیا ہے - ماسوائے آپ کی مخصوص اجازت کے ساتھ کہ آپ کے ذاتی ڈیٹا کو دیگر کسی جگہ پر مذکور فریقین ثالث کے زمروں کو منتقل کیا جائے۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے GfK موزوں اقدامات کرے گی کہ آپ کے ذاتی ڈیٹا پر عمل درآمد، تحفظ اور منتقلی قابل اطلاق قانون کے مطابق ہو۔

4.1 GfK گروہ کے اندر

ضرورت کے مطابق ڈیٹا پر عمل درآمد اور ذخیرہ کرنے، آپ کو اپنے سرویز تک رسائی دینے، معاونت فراہم کرنے، سروس کی بہتری کے لیے فیصلے کرنے، مواد کو فروغ دینے اور دیگر ایسے مقاصد کے لیے جو رازداری کی پالیسی کے حصہ 3 میں مذکور ہیں، ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا کو GfK گروپ کی ایک یا ایک سے زیادہ ملحقہ کمپنیوں کو منتقل کر سکتے ہیں۔ ہم جواب دہندگان کے ذاتی ڈیٹا کو GfK گروپ سے باہر کسی کو مہیا نہیں کرتے، ماسوائے یہ کہ جواب دہندگان کسی خاص مقصد کے تحت اس کی پیشگی اور واضح طور پر اجازت نہ دیں۔

4.2 فارماکو وِجلینس شرائط

عمومی طریقہ کار کے تحت ہم جواب دہنگان کا ذاتی ڈیٹا کلائینٹس کے ساتھ شیئر نہیں کرتے، سروے میں آپ کی شمولیت فارماکو وِجلینس شرائط کے حوالے سے آپ کی علیحٰدہ رضامندی پر منحصر ہو سکتی ہے جس کا انحصار مطالعہ کی قسم اور جس ملک میں مطالعہ منعقد کیا جا رہا ہے اُس پر ہوتا ہے، شاذو نادر صورتوں میں کلائینٹس کو ایک محدود حد تک ذاتی ڈیٹا فراہم کیا جا سکتا ہے۔

4.3 بیرونی سروس پرووائیڈرز

جہاں ضروری ہو، ہم دیگر کمپنیوں اور اشخاص کو کچھ مخصوص افعال سر انجام دینے کی ذمہ داری سونپ سکتے ہیں جو ڈیٹا پر عمل درآمد کے معاہدہ کے فریم ورک کے اندر ہماری سروسز پر ہماری جانب سے عمل درآمد کرواتے ہیں۔ مثال کے طور پر، ہم فیلڈ ورک شراکت داروں کو ذاتی ڈیٹا مہیا کرتے ہیں، جیسا کہ اس پرائیویسی نوٹس کی سیکشن 3.2 "فیلڈ ورک

کے شراکت **دار**" میں ذکر کیا گیا ہے۔ ہم اپنے استحقاق پر اپنے ڈیٹابیس اور ایپلیکیشنز کو ہوسٹ کرنے یا آپ کی مطلوبہ معلومات آپ کو بھیجنے کے لیے سروس پرووائیڈرز، کنٹریکٹرز یا شراکت دار استعمال کر سکتے ہیں۔ مارکیٹ ریسرچ پروجیکٹس کے لیے بھرتی اور انٹرویو منعقد کرنے کے لیے، ہم اپنے فیلڈ ورک شراکت داروں کو ذاتی ڈیٹا فراہم کرتے ہیں۔ ہم بیرونی سروس پرووائیڈرز کے ساتھ صرف اتنا ہی ڈیٹا شیئر کریں گے یا ان کو اتنے ڈیٹا تک ہی رسائی دیں گے جو متعلقہ مقصد کے لیے ضروری ہو۔ اس ڈیٹا کو وہ دیگر کسی مقصد کے لیے استعمال نہیں کر سکتے، نہ اپنے لیے اور نہ ہی کسی فریق ثالث کے مقاصد کے لیے۔ GfK کے بیرونی سروس پرووائیڈرز معاہدہ کے تحت پابند ہیں کہ وہ آپ کے ذاتی ڈیٹا کی رازداری کا احترام کریں۔

4.4 کاروباری منتقلیاں

کسی قسم کی کاروباری ترتیبِ نو، تنظیمِ نو، الحاق یا فروخت یا اثاثہ جات کی دیگر ہر قسم کی منتقلی (مجموعی طور پر "کاروباری منتقل") کی صورت میں، ہم ڈیٹا، بشمول ذاتی ڈیٹا کو ایک معقول پیمانے پر اور کاروباری منتقلی کے لیے ضروری حد تک ہی آگے منتقل کریں گے اور صرف اس شرط پر منتقل کریں گے کہ وصول کنندہ فریق ڈیٹا کے قابل اطلاق قانون کے تحت آپ کے ذاتی ڈیٹا کا احترام کرنے پر رضامند ہو۔ ہم ہر قسم کے ذاتی ڈیٹا کی رازداری کو یقینی بنانا جاری رکھیں گے اور پرائیویسی نوٹس میں کسی بھی تبدیلی سے پہلے متعلقہ استعمال کنندہ کو نوٹس دیں گے۔

4.5 عوامی ادارے

ہم عوامی اداروں کو آپ کا ذاتی ڈیٹا صرف اسی صورت میں فراہم کریں گے جہاں قانون کا تقاضہ ہو۔ مثال کے طور پر، GfK عدالتی گزارشات، قانون نافذ کرنے والے اداروں، انضباطی اداروں اور دیگر عوامی و سرکاری اداروں کی گزارشات کی تعمیل کرے گی اور یہ ادارے آپ کے رہائشی ملک کے علاوہ بھی ہو سکتے ہیں۔

5 ذاتی ڈیٹا کی بین الاقوامی سطح پر منتقلی

مخصوص شرائط کے تحت، GfK کے لیے آپ کے ذاتی ڈیٹا کو یورپی یونین/یورپین اکنامک ایریا (EEA) سے باہر کے ممالک جنہیں "تیسرے ممالک" کہا جاتا ہے، کو منتقل کرنا بھی لازمی ہو گا۔ تیسرے ممالک میں ڈیٹا کی اس طرح کی منتقلیوں کے بارے میں وضاحت اس پرائیویسی نوٹس کے حصہ 3 میں دی گئی ہے۔ اگر ہم ذاتی ڈیٹا کو ایسے تیسرے ممالک میں منتقل کرتے ہیں جہاں پر تحفظ کا درجہ آپ کے رہائشی ملک سے مختلف ہے، تو اس پرائیویسی نوٹس کا اطلاق پھر بھی ہو گا۔ خاص طور پر درج ذیل صورتوں میں بین الاقوامی ڈیٹا ٹرانسفر کا اطلاق ہو سکتا ہے:

5.1 GfK گروپ کے قانونی ادارے

یورپین یونین سے باہر کے GfK گروپ کے قانونی اداروں نے یورپین کمشن کے معاہدہ کی معیاری شِقوں کے تحت کمپنیوں کے مابین ڈیٹا پروٹیکشن کے معاہدے کیے ہوئے ہیں تاکہ آپ کی رازداری کو تحفظ فراہم کیا جائے اور ڈیٹا کو قانونی طور پر بین الاقوامی سطح پر منتقل کیا جائے۔

5.2 یورپین یونین (EU) اور یورپین اکنامک ایریا (EEA) سے باہر کے فریقین ثالث

GfK گروپ سے باہر فریقین ثالث کو ذاتی ڈیٹا کی ہر قسم کی منتقلیاں آپ کے پیشگی علم اور جہاں ممکن ہو آپ کی رضامندی سے انجام پائیں گی۔ ایسے ممالک کے علاوہ جن کے لیے یورپین کمشن کے معاہدہ کی معیاری شِقوں کے تحت باہمی معاہدہ جات کی بنیاد پر یورپین کمشن نے ڈیٹا کے تحفظ کے درجہ کے بارے میں "موزونیت کا فیصلہ" نہیں کیا ہوا یا ایسے ممالک جن میں قابل اطلاق قانون کے تحت دیگر کوئی موزوں اقدامات نہ اٹھائے گئے ہوں، میں ذاتی ڈیٹا کی ہر قسم کی منتقلیوں کے لیے۔

*) ملاحظہ فرمائیں- https://ec.europa.eu/info/law/law-topic/data-protection/data-transfers-outside-eu/adequacy-protection-personal-data-non-eu-countries_en

6 سیکورٹی

GfK ڈیٹا سیکورٹی کو سنجیدہ لیتی ہے۔ ہم انتہائی موزوں درجے کی سیکورٹی رکھتے ہیں اور جمع کردہ ڈیٹا کو حادثاتی طور پر پہنچنے والے نقصانات یا غیر قانونی تلفی، گم شدگی، ترمیم، غیر مجاز افشاء یا بھیجے گئے ڈیٹا تک غیر مجاز رسائی، ذخیرہ یا عمل درآمد کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے ہم انتہائی معقول حد تک مادی، الیکٹرانی اور انتظامی طریقوں پر عمل کرتے ہیں۔ معلومات کی سیکورٹی کے متعلق ہماری پالیسیاں اور طریقے وسیع پیمانے پر تسلیم کیے جانے والے بین الاقوامی معیارات کے عین مطابق ہیں اور باقاعدگی کے

ساتھ ان کی نظرثانی کی جاتی ہے اور اپنی کاروباری ضروریات کی تکمیل، ٹیکنالوجی میں آنے والی تبدیلیوں اور انضباطی تقاضوں سے ہم آہنگی کے لیے حسب ضرورت ان کی تجدید کی جاتی ہے۔ آپ کے ذاتی ڈیٹا تک رسائی صرف ان لوگوں، سروس پرووائیڈرز یا GfK سے ملحقہ اداروں کو دی جاتی ہے جن کو کاروباری ضروریات کے تحت اپنے فرائض سر انجام دینے کے لیے ضرورت ہوتی ہے۔

اگر ذاتی ڈیٹا تک رسائی کی خلاف ورزی ہو، تو GfK اس قانون شکنی کے تمام قابل اطلاق قوانین سے رجوع کرے گی۔

7 آپ کے قانونی حقوق

اپنے ڈیٹا کی وجہ سے آپ مخصوص قانونی حقوق کے مالک ہیں جن کا تعلق اس ڈیٹا سے ہے جو ہم آپ سے اکٹھا کرتے ہیں۔ اس کا اطلاق عمل درآمد کی ان تمام سرگرمیوں پر ہوتا ہے جن کی وضاحت پرائیویسی نوٹس کے حصہ 3 میں کی گئی ہے۔ GfK آپ کے ذاتی حقوق کا احترام کرتی ہے اور آپ کے خدشات کو سنجیدگی سے لیتی ہے۔

درج ذیل فہرست میں آپ کے قانونی حقوق کے بارے میں معلومات موجود ہے، جو ڈیٹا کے تحفظ کے قابل اطلاق قوانین سے ماخوذ ہے:

- **رضامندی واپس لینے کا حق:** آپ کے ذاتی ڈیٹا پر عمل درآمد آپ کی رضامندی سے ہوتا ہے مگر آپ اپنی رضامندی کسی بھی وقت واپس لے سکتے ہیں، براہ کرم رضامندی واپس لینے کے لیے سروے کے تعارفی صفحہ پر موجود ای میل پتہ پر لکھیں یا ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر سے رابطہ (ذیل میں"رابطہ معلومات" ملاحظہ کریں) کریں۔ بطورِ جواب دہندہ براہ کرم نوٹ کریں کہ جب آپ اپنی رضامندی واپس لیتے ہیں، تو آپ متعلقہ پروجیکٹ میں حصہ لینا جاری نہیں رکھ سکتے اور GfK حصہ لینے کے لیے جو انعامات یا ترغیبات پیش کرتی ہے، ان کے لیے بھی اہل نہیں رہتے۔

- **درستگی کا حق:** آپ ہمارے پاس موجود اپنے متعلق ذاتی ڈیٹا کی درستگی کروا سکتے ہیں۔ ہم اپنے پاس موجود یا اپنے کنٹرول میں موجود ڈیٹا جو باقاعدگی کے ساتھ زیر استعمال ہو، کو اپنے پاس حالیہ ترین معلومات کی بنیاد پر درست، مکمل، تازہ ترین اور متعلقہ رکھنے کی معقول کوششیں کرتے ہیں۔ جہاں موزوں ہو، وہاں ہم استعمال کنندگان کے لیے سیلف سروس پورٹلز بھی مہیا کرتے ہیں تاکہ وہ اپنے ذاتی ڈیٹا کا جائزہ لے سکیں اور اسے درست کر سکیں۔

- **پابندی کا حق:** آپ اپنے ذاتی پر عمل درآمد پر پابندی بھی لگوا سکتے ہیں، بشرطیکہ
  - آپ اس عرصے کے دوران اپنے ذاتی ڈیٹا کی درستگی کو چیلنج کریں جب ہم اس کی توثیق کر رہے ہوں،
  - ڈیٹا پر عمل درآمد غیرقانونی ہو اور آپ اپنے ذاتی ڈیٹا کو ختم کرنے کے بجائے اس پر عمل درآمد پر پابندی لگا دیں،
  - ہمیں آپ کے ذاتی ڈیٹا کی مزید ضرورت نہ ہو مگر آپ کو اپنے قانونی دعووں کی تیاری، عمل درآمد یا دفاع کے لیے ضرورت ہو، یا
  - جب ہم اپنی قانونی بنیادوں کے ساتھ آپ کے تضاد کی توثیق کر رہے ہوں، تو آپ اپنے ڈیٹا کے عمل درآمد پر اعتراض کریں۔

- **رسائی کا حق:** آپ ہمارے پاس موجود اپنے بارے میں ذاتی ڈیٹا مانگ سکتے ہیں، بشمول ہمارے پاس اور ہمارے کنٹرول میں موجود ذاتی ڈیٹا کے زمروں کے بارے میں معلومات، اسے کیسے استعمال کیا جا رہا ہے، ہم نے یہ کہاں سے حاصل کیا ہے، آپ سے براہ راست حاصل کیا گیا ڈیٹا اور اگر قابل اطلاق ہو، تو یہ پوچھنا کہ یہ کس کو دیا گیا ہے۔ ہمارے پاس آپ کا جو ذاتی ڈیٹا موجود ہے آپ ہم سے اُس کی ایک عدد نقل مفت حاصل کر سکتے ہیں۔ ہمارے پاس حق محفوظ ہے کہ ہم آپ سے مزید نقول کی معقول فیس وصول کریں۔

- **انتقال پذیری کا حق:** آپ کی درخواست پر جہاں پر ممکن ہوا ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا کو دیگر کسی کنٹرولر کو منتقل کر دیں گے، بشرطیکہ یہ کام آپ کی رضامندی کے مطابق ہو یا کسی معاہدے پر عمل درآمد کے لیے ضروری ہو۔ اپنے ذاتی ڈیٹا کی نقل موصول کرنے کی بجائے آپ یہ درخواست کر سکتے ہیں کہ ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا کو دیگر کسی کنٹرولر کو منتقل کر دیں، بشرطیکہ آپ کی براہ راست ہدایت ہو۔

- **مٹانے کا حق:** آپ ہمارے پاس موجود اپنے ذاتی ڈیٹا کو ختم کروا سکتے ہیں، جہاں

  - ذاتی ڈیٹا ان مقاصد کے لیے مزید درکار نہ ہو جن کے تحت یہ اکٹھا کیا گیا تھا یا اس پر کوئی عمل درآمد ہوا تھا؛

- آپ اپنے ذاتی ڈیٹا پر مزید عمل درآمد پر اعتراض کرنے کا حق رکھتے ہیں (ذیل میں ملاحظہ کریں) اور عمل درآمد کو رکوانے کا اپنا یہ حق استعمال کر سکتے ہیں؛
- چونکہ ڈیٹا پر عمل درآمد آپ کی رضامندی سے ہوتا ہے، لہٰذا اگر آپ اپنی رضامندی واپس لیتے ہیں تو پھر اس پر عمل درآمد کا کوئی قانونی جواز نہیں رہتا؛
- ذاتی ڈیٹا پر غیر قانونی طور پر عمل درآمد ہوا ہو؛

ماسوائے یہ کہ عمل درآمد قانونی طور پر

- ناگزیر ہو اور ہماری جانب سے اس پر عمل درآمد کرنا ضروری ہو؛
- خاص طور پر، ڈیٹا پاس رکھنے کی قانونی شرائط کے تحت؛
- قانونی دعووں کی تیاری، عمل درآمد یا دفاع کے مقاصد کے لیے۔

- **اعتراض کرنے کا حق:** آپ اپنی کسی مخصوص صورت حال کے تحت، کسی بھی وقت - اپنے ڈیٹا پر عمل درآمد ہونے پر اعتراض اٹھا سکتے ہیں - بشرطیکہ یہ عمل درآمد آپ کی مرضی کے خلاف ہوا ہو مگر یہ ہمارے یا فریق ثالث کے کسی قانونی مفاد میں ہوا ہو۔ ایسی صورت میں ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا پر مزید کوئی عمل درآمد نہیں کریں گے، ماسوائے یہ کہ ہمارے پاس کوئی قانونی جواز موجود ہو یا ہمارے کسی قانونی دعوے کی تیاری، عمل درآمد یا دفاع کے مقاصد کے لیے درکار ہو۔ اگر آپ عمل درآمد پر اعتراض کرتے ہیں، تو براہ کرم وضاحت کریں کہ آیا آپ اپنے ڈیٹا کو ختم کروانا چاہتے ہیں یا ہمیں اس پر عمل درآمد کرنے سے روکنا چاہتے ہیں۔

- **شکایت درج کروانے کا حق:** رازداری کے قابل اطلاق قوانین کی ممکنہ خلاف ورزی کے خلاف آپ اپنی رہائش کے ملک میں ڈیٹا پروٹیکشن سپروائزری اتھارٹی کے پاس یا جہاں پر ممکنہ خلاف ورزی ہوئی ہے، وہاں پر شکایت درج کروا سکتے ہیں۔

<u>براہ کرم نوٹ کریں:</u>

- **دورانیہ:** آپ کی درخواست پر ہم 30 دن کے اندر عمل کرنے کی کوشش کریں گے۔ تاہم، آپ کی درخواست کی پیچیدہ نوعیت یا کسی مخصوص قانونی حق سے متعلق مخصوص وجوہات کی بناء پر اس دورانیہ میں توسیع بھی ہو سکتی ہے۔

- **رسائی پر پابندی:** مخصوص صورتوں میں قانونی شرائط کے تحت ہم آپ کے تمام یا کچھ ذاتی ڈیٹا تک آپ کو رسائی فراہم نہیں کر سکیں گے۔ اگر ہم آپ کی رسائی کی درخواست پر انکار کرتے ہیں، تو ہم آپ کو انکار کی وجہ بھی بتائیں گے۔

- عدم شناخت: بعض صورتوں میں، آپ اپنی درخواست میں ہمیں جو شناخت کنندہ فراہم کرتے ہیں، اس کی بنیاد پر ہو سکتا ہے کہ ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا کو نہ دیکھ سکیں۔ مثال کے طور پر، اگر آپ کو کسی بیرونی فیلڈ پارٹنر نے سروے کے لیے دعوت دی تھی اور آپ ہمیں اپنا نام اور ای میل ایڈریس بتاتے ہیں، تو ہم آپ کے سروے ڈیٹا اور میٹا ڈیٹا کو نہیں دیکھ سکیں گے (براہ کرم اس پرائیویسی نوٹس کا حصہ 3.2 "فیلڈ ورک کے شراکت **دار**" بھی ملاحظہ کریں)۔

ایسی صورتوں میں جہاں ڈیٹا کے مالک کے طور پر ہم آپ کی شناخت نہ کر سکیں، ہم اس حصہ میں بیان کردہ قانونی حقوق کے مطابق آپ کی گزارشات پر عمل نہیں کر پائیں گے، ماسوائے یہ کہ آپ ہمیں اپنی شناخت کو ممکن بنانے والی اضافی معلومات فراہم کریں۔

اپنے قانونی حقوق پر عمل کے بارے میں سوالات GfK کے بجائے براہ راست اس فیلڈ ورک پارٹنر کو بھیج سکتے ہیں جس نے آپ کو سروے میں مدعو کیا تھا۔ اس طرح آپ کو ہمیں اپنی شناخت نہیں بتانی پڑے گی اور آپ کا فیلڈ ورک پارٹنر آپ کی گزارش کی توثیق کرتے ہوئے آپ کے فرضی نام کے ساتھ ہمیں بھجوا سکتا ہے۔ اس طرح ہم آپ کے سوال پر اسی **طرح عمل درآمد کر سکیں گے جیسا کہ آپ نے ہم سے براہ راست رابطہ کیا ہو۔**

- **اپنے قانونی حقوق استعمال کریں:** اپنے قانونی حقوق استعمال کرنے کے لیے، براہ کرم ہمیں تحریری طور پر آگاہ کریں، مثلاً بذریعہ ای میل یا خط آپ ہمارے ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر کے ساتھ براہ راست بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ رابطہ معلومات، براہ کرم اس پرائیویسی نوٹس کے اختتام پر ملاحظہ کریں۔

8 آپ کے ذاتی ڈیٹا کو رکھنا

عام طور پر، ہم آپ کے ڈیٹا کو اس وقت حذف کر دیتے ہیں جب وہ مقصد حل ہو گیا ہو جس کے لیے ہم نے آپ کا ڈیٹا اکٹھا گیا تھا اور اس کی مزید ضرورت نہ رہی ہو۔ تاہم، قانونی تقاضوں کی بنیاد پر ہم آپ کے ڈیٹا کو زیادہ لمبے عرصے کے لیے بھی اپنے پاس سنبھال کر رکھ سکتے ہیں۔

اگرچہ، ہم آپ کے ڈیٹا کو عام طور پر 1 (ایک) سال تک سنبھال کر رکھتے ہیں، تاہم، اگر کلائینٹ خود ڈیٹا کنٹرولر ہو جس نے ہمیں آپ کی رابطہ معلومات فراہم کی تھیں، تو ہم اس کو زیادہ لمبے عرصے کے لیے بھی اپنے پاس رکھ سکتے ہیں۔ اگر ڈیٹا کو زیادہ لمبے عرصے کے لیے کر رکھنا ہو، تو ہم جواب دہندگان کو دعوتی ای میل میں یا سروے کے ابتدائی صفحہ پر مطلع کر دیتے ہیں۔ میٹا ڈیٹا کو ہم زیادہ سے زیادہ دو سال تک رکھتے ہیں۔

اس کے علاوہ، اگر آپ ہم کو مستقبل میں رابطہ کرنے سے منع کرتے ہیں، تو ہم آپ کا تمام ذاتی ڈیٹا حذف نہیں کریں گے۔ اس مقصد کے لیے GfK ایسا ریکارڈ اپنے پاس رکھتی ہے جس میں ایسے لوگوں کی معلومات موجود ہوتی ہے جو مستقبل میں دوبارہ رابطہ کرنے سے منع کرتے ہیں (مثلًا بذریعہ ای میل نیوزلیٹرز یا مارکیٹ ریسرچ پروجیکٹس کے لیے بھرتی کی مہمات)۔ آپ کی اس گزارش کو ہم یہ رضامندی سمجھتے ہیں کہ ہم آپ کے ذاتی ڈیٹا کو اس طرح کا ریکارڈ رکھنے کے لیے ذخیرہ کر سکتے ہیں، بصورت دیگر آپ ہدایت نہ کریں۔

9 اس پرائیویسی نوٹس میں تبدیلیاں

ہم اپنی رازداری پر عمل درآمد اور تجدید، ترمیم اور پرائیویسی نوٹس میں کسی بھی وقت تبدیلیاں لانے کا حق محفوظ رکھتے ہیں اور یہ ہماری مرضی پر منحصر ہے۔ اس بناء پر، ہم آپ کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ آپ ہر مرتبہ سروے شروع کرنے سے پہلے پرائیویسی نوٹس پڑھیں۔ یہ پرائیویسی نوٹس مندرجہ بالا "آخری تجدید" کی تاریخ تک تازہ ترین ہے۔ ہم آپ کے ڈیٹا کے ساتھ اُسی پرائیویسی نوٹس کے تحت سلوک کریں گے جس کے تحت یہ اکٹھا گیا تھا، ماسوائے یہ کہ آپ کسی مختلف طریقے کی رضامندی دیں۔

10 رابطہ معلومات

برائے مہربانی ڈیٹا کے تحفظ کے موضوع پر اور اپنے ہر قسم کے قانونی حقوق کے استعمال کے حوالے سے اپنی ہر قسم کی گزارشات کو براہ راست ڈیٹا پروٹیکشن آفیسر کو ای میل dpo_germany@gfk.com پر بھیجیں یا درج ذیل ڈاک کے پتہ پر خط لکھیں۔

GfK SE
Nordwestring 101
90419 Nuremberg
Germany

انتظامیہ:

پیٹر فیلڈ (CEO) (Peter Feld)
کرسچیئن بیگاتا جوزف (CFO) (Christian Bigatà Joseph)

ٹیلفیون +49 911 395-0 (سوئچ بورڈ), gfk@gfk.com

چیئرمین آف سپروائزری بورڈ: رالف کلین-بولٹنگ (Ralf Klein-Bölting)
رجسٹرڈ آفس: نُورِمبرگ
ڈسٹرک کورٹ کے کمرشل رجسٹر میں درج شدہ:
نورِمبرگ: HRB 25014